اللہ کی خوشنودی والدین کی رضا مندی میں ہے اور اللہ کی ناراضگی والدین کی ناراضگی میں ہے

عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اللہ کی خوشنودی والدین کی رضا مندی میں ہے اور اللہ کی خفگی والدین کی ناراضگی میں ہے“۔
[حَسَن لغیرہ] [اسے امام ترمذی نے روایت کیا ہے]

اس حدیث میں اللہ تعالیٰ نے اپنی خوشنودی اور خفگی کو والدین کی رضا مندی اور ناراضگی کے تابع قرار دیا ہے سو جس شخص نے اپنے والدین کو خوش کیا اس نے اپنے اللہ کو خوش کر لیا اور جس نے ان دونوں کو ناراض کیا اس نے اپنے اللہ کو ناراض کر دیا۔

https://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5361